فضائل

سیدنا امام محمد مہدی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

عنوانات

مهدی اولادِ سیده فاطمه

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سیدہ فاطمۃ الزھراءؓ سے فرمایا:
حسن و حسین کی اولاد سے اس امت کے مہدی پیدا ہوں گے۔

(الیسوطی فی الحاوی للفتاوی، العرف الوردی فی اخبار المہدی، ص 60)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

مہدی اہلِ بیتِ اطہار سے

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص حکمران نہ بن جائے۔

(الترمذی فی السنن، کتاب الفتن، باب ما جاء فی المہدی، رقم 2230)

مہدی امام حسن مجتبیٰ کی نسل

مولا مرتضیٰ نے امام حسن مجتبیٰ کو دیکھ کر فرمایا:
عنقریب اس کی نسل سے مہدی پیدا ہوں گے۔

(ابی داؤد فی السنن، کتاب المہدی، باب 12، رقم 4290)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

مہدی ہم نامِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص جو میرا ہم نام (محمد المہدی) ہوگا حکمران نہ بن جائے۔

(ابن حماد فی کتاب الفتن، کتاب الفتن والملاحم، رقم 8659)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

مھدی سیرت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ

مولا مرتضیٰ نے فرمایا: مہدی سیرت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ ہو گا۔

(ابی داؤد فی السنن، کتاب المھدی، باب 12، رقم 4290)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

مہدی حق ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہدی حق ہیں۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب الفتن و الملاحم، رقم 8671)

فضائل سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

مھدی الارض والسماء

بحیرہ عرب میں امام مہدی کے ذریعے تابوتِ سکینہ ظاہر ہوگا یہاں تک کہ بیت المقدس میں آپ کے سامنے اسے اٹھا کر رکھ دیا جائے گا جب یہود اسے دیکھیں گے تو چند لوگوں کے سواء سب اسلام قبول کریں گے۔

(ابن حماد فی کتاب الفتن، کتاب الفتن و الملاحم، رقم 1050)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

مھدی خلیفۂ راشد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں ایک خلیفہ ہوگا جو لوگوں کو مال لبالب بھر بھر کے تقسیم کرے گا۔

(الیسوطی فی الحاوی للفتاوی، العرف الوردی فی اخبار المہدی، ص 60)

فضائل سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

اطاعتِ مہدی کا حکم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: محرم کے مہینے میں آواز دینے والا آواز دے گا، بے شک فلاں بندہ (مہدی) اللہ کا چنا ہوا شخص ہے۔ پس تم ان کی بات سنو اور ان کی اطاعت کرو۔

(ابن حماد فی کتاب الفتن، رقم 630)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

خلیفۃ اللہ علی الاطلاق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مشرق کی طرف سے کالے جھنڈے نمودار ہوں گے ان میں خلیفۃ اللہ مہدی ہوگا۔

(ابن ماجه فی السنن، کتاب الفتن، باب خروج المهدی، رقم 4084)

ہر حال میں مہدی کی بیعت کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہدی کو ظاہر ہوتے دیکھو تو جا کر اس کی بیعت کر لینا اگرچہ تمہیں برف پر گھسٹ کر آنا پڑے۔

(ابن ماجه فی السنن، کتاب الفتن، باب خروج المهدی، رقم 4084)

اولیاء وابدال کا بیعت کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہدی کے پاس عراق کے اولیاء اور شام کے ابدال (بیعت کے لیے) آئیں گے۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب الفتن و الملاحم، رقم 8328)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

رکن و مقام کے درمیان بیعت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: میری امت کے ایک شخص (مہدی) سے رکن حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان لوگ بیعت کریں گے۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب الفتن والملاحم، رقم 8328)

مہدی کا انکار کفر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جس نے مہدی کے آنے کا انکار کیا اس نے کفر کیا۔

(السیوطی فی الحاوی للفتاوی، العرف الوردی فی اخبار المہدی ، ص78)

فضائل سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

دورِ مہدی خوشحالی کے اعتبار سے بے مثال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے آخری دور میں مہدی پیدا ہوں گے اللہ تعالیٰ ان پر خوب بارش برسائے گا اور زمین اپنی پیداوار باہر نکال دے گی (ان کے دورِ خلافت میں) مویشیوں کی کثرت اور امت کی عظمت ہوگی۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب الفتن والملاحم، رقم 8673)

آمدِ مہدی سے قبل قیامت برپا نہیں ہوگی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک میرے اہلِ بیت میں سے ایک شخص جو میرا ہم نام (محمد المھدی) ہوگا حکمران نہ بن جائے۔

(ابن حماد فی کتاب الفتن، کتاب الفتن و الملاحم، رقم 8659)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

دین کو پھر غلبہ نصیب ہوگا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہدی گمراہی کے قلعوں کو فتح کریں گے اور بند دلوں کو کھولیں گے اس امت کے آخری زمانے میں دین کو قائم کریں گے اور زمین کو عدل سے بھر دیں گے۔

(الیسوطی فی الحاوی للفتاوی، العرف الوردی فی اخبار المہدی، ص 60)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

عدل وانصاف قائم کریں گے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہدی زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے جیسے وہ پہلے ظلم وجور سے بھری ہوگی۔

(ابی داؤد فی السنن، کتاب المہدی، باب 12، رقم 4285)

فضائل: سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

حضرت عیسیٰؑ کا امام مہدی کی اقتداء میں نماز پڑھنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کا اس وقت خوشی سے کیا حال ہو گا؟ جب تم میں عیسیٰ ابن مریم اتریں گے اور امام تمہیں میں سے ایک ہو گا۔

(ابن حبان فی الصحیح، کتاب التاریخ، باب اخبار رعما یکون فی امته من الفتن والحوداث، رقم 6802)

دورِ مھدی میں مال ودولت کی فراوانی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں ایک خلیفہ ہو گا جو لوگوں کو مال لبالب بھر بھر کر دے گا اور اسے شمار نہیں کرے گا۔

(السیوطی فی الحاوی للفتاوی، العرف الوردی فی اخبار المہدی، ص 60)

فضائل سیدنا امام محمد المہدی رضی اللہ عنہ

اہلِ جنت کے سردار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم حضرت عبد المطلب کی اولاد اہلِ جنت کے سردار ہوں گے یعنی میں، حمزہ، علی جعفر، حسن، حسین اور مہدی

(ابن ماجه فی السنن، کتاب الفتن، باب خروج المهدی، رقم 4084)